# 9903 ـ کیا دوران نماز سانپ اور بچھو مارا جا سکتا ہے ؟

**سوال**

اگر کوئی شخص نماز پنجگانہ میں سے کوئی نماز ادا کر رہا ہو اور اپنے سامنے سانپ یا بچھو دیکھے تو کیا وہ نماز ختم کر کے اسے مارے یا کہ نماز مکمل کرے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جی ہاں وہ نماز توڑ کر سانپ یا بچھو کو مارے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" نماز میں دو سیاہ چیزوں کو قتل کرو، سانپ اور بچھو"

اسے اہل سنن اور ابن حبان نے روایت کیا ہے.

اور اگر نماز میں ہی اسے قتل کرنا ممکن ہو اور اس میں زیادہ عمل نہ کرنا پڑے تو اس میں کوئی حرج نہیں اور اس کی نماز صحیح ہو گی.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.